بسم الله الرحمن الرحیم

## ۱۳۳ شعبه تحقیق


| | |
|---|---|
| سرشناسه: | علی‌بن ابی‌طالب علیه السلام، امام اول، ۲۳ قبل از هجرت – ۴۰ ق. |
| عنوان قراردادی: | غررالحکم و دررالکلم .فارسی – اردو. برگزیده |
| عنوان و نام پدیدآور: | منتخب احادیث غررالحکم و دررالکم/ عبدالواحدبن‌محمد تمیمی‌آمدی؛ مترجم سیدمحمدفائز باقری‌جوراسی. |
| مشخصات نشر: | قم: مرکز بین‌المللی ترجمه و نشر المصطفی صلی الله علیه و آله، ۱۳۹۳. |
| فروست اصلی : | مرکز بین المللی ترجمه و نشر المصطفی صلی الله علیه و آله ۴۸پ/۱۳۹۳/۹۵ |
| فروست فرعی : | معاونت پژوهش ۲۴ |
| شابک: | ۹۷۸-۹۶۴-۱۹۵-۰۳۰-۱ |
| وضعیت فهرست نویسی: | فیپا |
| یادداشت: | اردو. |
| یادداشت: | کتابنامه. |
| موضوع: | علی‌بن ابی‌طالب علیه السلام، امام اول، ۲۳ قبل از هجرت – ۴۰ق. -- کلمات قصار |
| موضوع: | احادیث شیعه |
| موضوع: | احادیث اخلاقی |
| شناسه افزوده: | آمدی، عبدالواحدبن محمد، – ۵۱۰ق. |
| شناسه افزوده: | باقری جوراسی،سید محمدفائز، ۱۹۷۹ – م.، مترجم |
| شناسه افزوده: | جامعة المصطفی صلی الله علیه و آله العالمیة. مرکز بین‌المللی ترجمه و نشر المصطفی صلی الله علیه و آله |
| رده بندی کنگره: | BP۳۹/۰۴۲/۲ب ۱۳۹۳ |
| رده بندی دیویی: | ۲۹۷/۹۵۱۵ |
| شماره کتابشناسی ملی: | ۳۵۳۹۶۵۸ |

# منتخب احادیث
# غررالحکم و دررالکلم

علی بن ابی طالب علیه‌السلام

گردآورنده:
عبدالواحدبن محمد تمیمی آمدی
مترجم:
سید محمدفائز باقری جوراسی

مرکز بین‌المللی
ترجمه و نشر المصطفی صلی‌الله‌علیه‌وآله

**منتخب احادیث غررالحکم و دررالحکم**

**گردآورنده:** عبدالواحدبن محمد تمیمی آمدی

**مترجم:** سید محمدفائز باقری جوراسی

**چاپ اول:** ۱۳۹۳ش / ۱۴۳۵ق

**ناشر:** مرکز بین‌المللی ترجمه و نشر المصطفیﷺ

● **چاپ:** نارنجستان ● **قیمت:** ۷۵۰۰۰ ریال ● **شمارگان:** ۳۰۰

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

● قم، چهارراه شهدا، خیابان معلم غربی(حجتیه)، نبش کوچه ۱۸. تلفکس: ۹ـ۳۷۸۳۹۳۰۵ـ۰۲۵

● قم، بلوار محمدامین، سه‌راه سالاریه. تلفن: ۳۲۱۳۳۱۰۶ـ۰۲۵ ـ فکس: ۳۲۱۳۳۱۴۶ـ۰۲۵

● تهران، خیابان انقلاب، بین خیابان وصال شیرازی و قدس، نبش کوچه اسکو، پلاک ۱۰۰۳. تلفن: ۶۶۹۷۸۹۲۰ـ۰۲۱

● مشهد، خیابان امام رضاؑ، خیابان دانش شرقی، بین دانش ۱۵ و ۱۷. تلفن: ۸۵۴۳۰۵۹ـ۰۵۱۱

pub.miu.ac.ir miup@pub.miu.ac.ir

ہم ان افراد کے قدرداں اور شکرگذار ہیں کہ جنھوں نے اس کتاب کی ترتیب وتألیف میں یاری فرمائی ہے

# عرض ناشر

قرآن کریم کے بعد حدیث وہ دوسرا منبع ہے جس نے دینی احکام ومعارف کی ایجاد، اسلامی علوم کے تشکیل پانے اوراس کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

اس سلسلہ میں اسلامی تاریخ میں علماء، محدثین اور حافظان حدیث کی کوششیں قابل قدر اور قابل احترام ہیں انہوں نے ان حدیثوں کو حفظ کرنے انہیں لکھنے، جمع آوری کرنے اور ضخیم کتابوں میں محفوظ کرنے کی راہ میں بے پناہ سختیاں جھیلیں اور مشکلات کا سامنا کیا تاکہ نبوت وامامت کی یہ بیش قیمت میراث صرف تاریخ کی زینت بن کر نہ رہ جائے۔

روایات واحادیث کی فراوانی اور محققین ومخاطبین کی ضرورت کا مختلف ہونا ایسی چیز تھی جس نے محدثین کو اس بات پر آمادہ کیا کہ مجامع حدیثی کے ضخیم مجموعہ لکھنے کے ساتھ ساتھ احادیث کو مختلف اور نئی نئی صورتوں میں پیش کریں۔

لہٰذا آپ کے ہاتھوں میں موجود یہ کتاب ''منتخب احادیث غرر الحکم ودرر الکلم''

ایک ایسی ہی کوشش ہے جسے المصطفیٰ ﷺ عالمی یونیورسٹی کے فاضل طالب علم جناب سید محمد فائز باقری اہل ہندوستان نے اردو زبان میں ترجمہ کیا جس پر آپ کا اور ان دیگر تمام افاضل کا جنھوں نے اس کتاب کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں حصہ لیا صمیم قلب سے شکریہ ادا کرتے ہیں اور خداوند عالم سے ان کی ترقی اور توفیقات میں اضافہ کے لئے دعا گو ہیں۔

شعبۂ تحقیقات

المصطفیٰ ﷺ عالمی یونیورسٹی

# فہرست

**مضمون** | **صفحہ نمبر**


عرض مترجم ........ ۹
مقدمہ مؤلف ........ ۱۱
آثار ........ ۱۲
کتاب کی خصوصیات ........ ۱۲
کتاب کی اہمیت ........ ۱۳
کتاب کا تعارف ........ ۱۴
حرف ہمزہ ........ ۱۷
حرف الف ........ ۳۱
حروف ب، ث ........ ۴۹
حرف ج خ ........ ۵۵

حرف د ذ ........................................ ۶۱
حرف ر ز ........................................ ۶۳
حرف س ش ........................................ ۶۷
حرف ص تا ظ ........................................ ۷۱
حرف ع غ ........................................ ۷۵
حرف ف ق ........................................ ۸۱
حرف ک تا ل ........................................ ۸۵
حرف م ن ........................................ ۹۳
حرف ہ و ........................................ ۱۰۷
لا اور حرف ی ........................................ ۱۰۹
منابع ومأخذ ........................................ ۱۱۹

# عرض مترجم

**الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام علی اشرف الانبیاء و خاتم النبیین وعلیٰ آله الاطهارسیمابقیة الله (عج)فی الارضین اللهم اجعلنا من اعوانه و انصاره ومستشهدین بین یدیه واللعنة الدائم علی اعدائهم اجمعین امابعد.**

ائمہ اطہار علیہم السلام کے حکیمانہ سخن اور نجات بشریت کے ضامن کلام کی ترویج اس حدیث شریف پر عمل ہے "**لو عرفوا معارف کلامنا لا تبعوانا**" اگر لوگوں کو ہمارے کلام کی خوبیاں معلوم ہو جائیں تو وہ ضرور ہماری پیروی کریں، اور ائمہ اطہار علیہم السلام کی پیروی بشریت کو ساحل نجات تک پہونچانے کا ذریعہ اور صلح وصفا کے ساتھ زندگی گذارنے کا باعث ہے۔

لہذا آج جبکہ اخلاقی اقدار کا فقدان ہوتا جارہا ہے، اسلامی ثقافت پر مغربی تہذیب کی یلغار شدت اختیار کررہی ہے اور طرح طرح سے انسان کو الٰہی راستہ سے دور کرنے کی ہر ممکنہ کوشش پر عمل درآمد ہورہا ہے، ہمارا دینی وانسانی فریضہ ہے کہ ہم اٹھ کھڑے ہوں

اور دنیا کے سامنے حقیقی اسلامی معاشرہ کے خدوخال پیش کریں اور اس سلسلہ میں سب سے اہم کام ائمہ ہدیٰ علیہم السلام کے حکیمانہ کلمات ومواعظ کی ترویج واشاعت ہے۔

لہذا مرکز تحقیقات دار الحدیث کی جانب سے ترتیب دیئے گئے اس مجموعہ میں کوشش کی گئی ہے کہ یعسوب الکلام، آبشار فصاحت وبلاغت حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام کے کلمات بحر بیکراں سے کچھ موتی چن کر آپ کے سامنے پیش کرنے کا شرف حاصل کیا جائے، انتخاب احادیث میں درج ذیل خصوصیات کا خیال رکھا گیا ہے۔

الف: عوام اس کے محتاج و نیاز مند ہوں۔

ب: مختصر، واضح اور مبتلا بہ ہوں۔

ج: اعتقادی، عبادی، اخلاقی، تربیتی، اجتماعی، اقتصادی وغیرہ مسائل پر روشنی ڈال رہی ہوں، زندگی کی امید کو بڑھانے والی اور اخلاقی وانسانی اقدار کو قوت بخش رہی ہوں۔

آخر میں خداوند متعال سے دعا ہے کہ بحق محمد آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کوشش کو شرف قبولیت عطا فرما کر ہماری آخرت کے لئے زادراہ اور والدین کی مغفرت کا ذریعہ قرار دے۔ آمین یارب العالمین۔

سید محمد فائز باقری

۲۲/صفر المظفر ۱۴۲۹ھ قم المقدسہ